شعبہ زرعی انجینئرنگ، محکمہ زراعت، حکومت پنجاب

درخواست برائے حصول بلڈوزر

بخدمت جناب یونٹ سپروائزر/نائب زرعی انجینئر۔۔۔

شرائط برائے حصول بلڈوزر

(1) اراضی جس میں بلڈوزر چلانا درکار ہے۔ درختوں اور مشینوں کیلئے دیگر نقصان دہ رکاوٹ سے صاف ہونا چاہئے۔

(2) بلڈوزر کے کرایہ پر لے جانے کے بعد کسی بھی وقت بلڈوزر خراب ہونے کی صورت میں محکمہ زمیندار کے نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ البتہ اس کی طلب پر بقایا رقم محکمہ کی جانب سے ری فنڈ کی صورت میں دی جائے گی۔

(3) کرایہ پر بلڈوزر لے جانے کے بعد محکمہ کی طرف سے کوشش کی جائے گی کہ زمیندار کا کام تسلی بخش کیا جائے اور مشین کام مکمل کرنے کے بعد دوسری جگہ لے جائیں لیکن اگر کام کے دوران کسی ناگزیر وجوہات کی بناء پر بلڈوزر کو زمیندار کی اراضی سے دوسری جگہ لے جانا پڑے تو وہ اعتراض نہیں کرے گا۔

(4) زمیندار کو اپنی باری کا انتظار کرنا پڑے گا اور وہ محکمہ کے قوائد وضوابط کا پابند رہے گا۔

(5) جتنے گھنٹے زمیندار کو بکنگ درکار ہے پہلی دفعہ لے لے گا اور مزید بکنگ کے لئے اصرار نہیں کرے گا۔

(6) اگر تصدیق کرنے پر زمیندار کا بیان متعلقہ اراضی غلط ہوا تو زمیندار کو بلڈوزر کا پورا کرایہ ادا کرنا ہوگا۔ اس کے لئے وہ اعتراض نہیں کرے گا۔ اس طرح تحریر کردہ فاصلہ اگر درست نہ ہو تو اس کو صحیح فاصلہ کے مطابق رقم ادا کرنا ہوگی۔

(7) درخواست دہندہ کو کام کی تخمینہ شدہ رقم کام شروع ہونے سے پہلے جمع کروانی ہوگی۔

(8) بلڈوزر کے ریٹ محکمہ کسی بھی وقت تبدیل کرسکتا ہے جس تاریخ سے ریٹ تبدیل ہوگا اُسی تاریخ سے نئے ریٹ کے حساب سے کرایہ وصول کیا جائے گا۔

(9) بلڈوزر شفٹ کرتے وقت اگر کسی نہر، پل یا سڑک کو نقصان پہنچا تو زمیندار ذمہ دار ہوگا۔

(10) بلڈوزر شفٹ کرنے کیلئے لوڈر کا کرایہ ہیڈ کوارٹر سے موقع پر جانے اور واپس آنے کیلئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔روپے فی کلومیٹر ہوگا جو کہ زمیندار ایڈوانس جمع کروائے گا۔

(11) زرعی کام کے لیے 12.5 ایکڑ سے کم رقبہ والے زمیندار -/560 روپے فی گھنٹہ جمع کروائیں گے اور ڈیزل محکمہ فراہم کرے گا۔ 12.5 ایکڑ سے زائد رقبہ رکھنے والے زمیندار 100 روپے فی گھنٹہ اور ڈیزل خود فراہم کریں گے۔

(12) بکنگ کی تمام رقم زمیندار یا اس کا نمائندہ خود بنک میں جمع کروا کر چالان فارم کی کاپی یونٹ سپروائزر کو مہیا کرے گا۔ البتہ چالان فارم یونٹ سپروائزر کے دفتر سے دستیاب ہوں گے اور یونٹ سپروائزر یہ چالان فارم زمیندار کو بھر کر دے گا۔

(13) زمیندار اگر محکمہ کے کسی اہل کار کو کوئی رقم دے گا تو محکمہ قطعاً اس کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

(14) اگر پڑتال کے دوران کسی زمیندار کا شجرہ عکس مندرجہ خسرہ نمبر کے باہر پایا گیا تو اس صورت میں رقم کرایہ پوری شرح پر واجب الادا ہوگی۔

(15) اگر زمیندار بلاوجہ مشین کھڑی رکھے گا تو آٹھ گھنٹے روزانہ کے حساب سے کرایہ وصول کیا جائے گا۔

(16) کسی تنازعہ کی صورت میں ایگریکلچر انجینئر متعلقہ کا فیصلہ آخری ہوگا۔

(17) بلڈوزر کو زمیندار اپنی زمین پر ہی استعمال کرسکتا ہے اور دوسرے کو استعمال کیلئے نہیں دے سکتا۔

میں نے مندرجہ بالا شرائط پڑھ / سن لی ہیں اور ان شرائط پر بلڈوزر کرایہ پر لینا چاہتا ہوں۔